X 2016

Series JSR

SET-4

Code No. **5B**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains 8 printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **16** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

## SUMMATIVE ASSESSMENT - II

## اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت : ۳ گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : ۹۰

*Maximum Marks : 90*

## حصہ الف

1. درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 5

مرزا غالبؔ کے دادا مُغل بادشاہی کے آخری زمانے میں ایران سے ہندوستان آئے۔ ان کے خاندان کو اس ملک میں مناسب مرتبہ ملا۔ غالبؔ آگرہ میں پیدا ہوئے۔ غالبؔ کو اردو کا سب سے بڑا شاعر کہا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ فلسفی شاعر تھے۔ تیرہ برس کی عمر میں ان کی شادی دلّی کے ایک معزز نوابی خاندان میں ہوگئی۔

(i) غالبؔ کے دادا کہاں سے ہندوستان آئے ؟

(A) تاجکستان سے　(B) پاکستان سے

(C) ایران سے　(D) خراسان سے

(ii) غالبؔ کو بڑا شاعر کس زبان کا کہا جاتا ہے ؟

(A) ہندی　(B) عربی

(C) پنجابی　(D) اردو

(iii) فلسفی شاعر کس کو کہا گیا ہے ؟

(A) طالبؔ کو　(B) غالبؔ کو

(C) راغبؔ کو　(D) جالبؔ کو

(iv) غالبؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) دلّی میں　(B) رام پور میں

(C) بمبئی میں　(D) آگرہ میں

(v) کتنے سال کی عمر میں مرزا غالبؔ کی شادی ہوئی ؟

(A) تیرہ سال　(B) پندرہ سال

(C) سولہ سال　(D) بیس سال

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں
آیا ہے آسماں سے اُڑ کر کوئی ستارہ
یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں
پروانہ اک پتنگا، جگنو بھی اک پتنگا
وہ روشنی کا طالب، یہ روشنی سراپا

(i) کاشانۂ چمن میں کس کی روشنی ہے ؟

(A) بجلی کی (B) لیمپ کی
(C) جگنو کی (D) موم بتّی کی

(ii) شمع کہاں جلتی ہوئی معلوم ہو رہی ہے ؟

(A) پھولوں کی کیاری میں (B) پھولوں کی انجمن میں
(C) باغوں میں (D) جنگل میں

(iii) کس چیز میں جان پڑ گئی ہے ؟

(A) ستاروں میں (B) پھولوں میں
(C) سورج کی کرن میں (D) مہتاب کی کرن میں

(iv) روشنی کا طالب کون ہے ؟

(A) جگنو (B) پروانہ (C) شمع (D) چراغ

(v) روشنی سراپا کس کو کہا گیا ہے ؟

(A) انجمن کو (B) لیمپ کو (C) جگنو کو (D) پروانے کو

3. درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے۔ 10

(i) دیوالی (ii) کھیلوں کی اہمیت

(iii) میرا اسکول (iv) اخبار بینی کے فائدے اور نقصانات

4. اپنے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 8

یا

اپنی بڑی بہن کو خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے بارے میں بتائیے۔

5. (i) ''بچے سو رہے تھے۔ کل تم گھر پر کیا کر رہے تھے؟'' ان جملوں میں زمانے کے لحاظ سے کون سا فعل پایا جاتا ہے؟ تعریف کیجیے۔ 4

(ii) ''کیا تم کل میرے گھر آؤ گے؟ میں کل تم سے ملنے آؤں گا۔'' زمانے کے لحاظ سے یہ جملے کس فعل کو ظاہر کر رہے ہیں؟ تعریف کیجیے۔ 4

6. (i) لاحقہ ''خانہ'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

(ii) سابقہ ''غیر'' لگا کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

7. درج ذیل کے متضاد الفاظ لکھیے: 4

روشنی، خوش، باشعور، دوست۔

8. درج ذیل کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے۔ 4

مضامین، کتاب، غُربا، خطرہ۔

**.9** درج ذیل الفاظ کے مذکّر سے مؤنث اور مؤنث سے مذکر بنایئے۔ 4

شہزادہ، خادمہ ، محترم، شاعرہ ۔

**.10** درج ذیل لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

بہادر، ترنگ، محافظ ، بلندی ۔

## حصہ ب

**.11** درج ذیل (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 7

دلی کے عوام رضیہ کی خوبیوں اور التمش کی وصیت سے واقف تھے۔ ان میں سے ایک بزرگ صوفی کاظم الدین زاہد نے رضیہ کی تخت نشینی کا اعلان کر دیا۔ رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے مشکلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح ''قبا'' اور ''کلاہ'' پہنی۔ اپنے نام کے سکّے جاری کیے۔ سلطنت میں امن قائم کیا۔ انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوش حالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ تجارت کو فروغ دیا۔ سڑکیں بنوائیں۔ درخت لگوائے اور کنویں کھدوائے۔ اس نے مدرسے اور سرکاری کتب خانے بھی قائم کیے۔ رضیہ سلطان کو خود بھی لکھنے پڑھنے کا شوق تھا۔ وہ اچھی گھوڑ سوار تھی۔ اسے جنگی اسلحوں کے استعمال کا ہنر بھی آتا تھا۔ اس کی حکومت بنگال سے سندھ تک پھیلی ہوئی تھی۔

(i) درجِ ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(A) کاٹھ کا گھوڑا (B) رضیہ سلطان

(C) اونتی (D) نئی روشنی

(ii) رضیہ کی خوبیوں اور التمش کی وصیت سے کون واقف تھا ؟

(A) رکن الدین (B) رضیہ کی سوتیلی ماں

(C) دلی کے عوام (D) رضیہ کے بھائی

(iii) رضیہ کی تخت نشینی کا اعلان کس نے کیا ؟

(A) کاظم الدین زاہد نے　　(B) حبشی غلام نے

(C) رضیہ کے بھائی بہرام نے　　(D) عوام نے

(iv) رضیہ کی تخت نشینی کے بعد فوج کی کمان کس نے سنبھالی ؟

(A) رکن الدین نے　　(B) رضیہ نے

(C) التونیہ نے　　(D) کاظم الدین نے

(v) رضیہ نے کس کی طرح ''قبا اور کلاہ'' پہنی ؟

(A) امیروں کی طرح　　(B) عورتوں کی طرح

(C) صوفی بزرگوں کی طرح　　(D) بادشاہوں کی طرح

(vi) رضیہ کی حکومت کہاں سے کہاں تک پھیلی ہوئی تھی ؟

(A) بنگال سے سندھ تک　　(B) دلی سے گجرات تک

(C) کشمیر سے مدراس تک　　(D) دلی سے راجستھان تک

(vii) رضیہ سلطان کو پڑھنے لکھنے کا شوق تھا اور وہ اچھی ..................

(A) لڑکی تھی　　(B) انسان تھی

(C) گھوڑسوار تھی　　(D) بیٹی تھی

12. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ 7

(i) اونتی کی حاضر جوابی اور اس کی ذہانت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

(ii) سبق ''نئی روشنی'' کا خلاصہ لکھیے اور بتایئے اس کے ذریعہ کیا پیغام دیا گیا ہے ؟

**13.** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) سعادت علی کو انگریزوں نے اودھ کے تخت پر کیوں بٹھایا تھا ؟

(ii) پیرو میں پہیے لگوانے سے بندو کی کیا مراد ہے ؟

(iii) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟

(iv) بینک کے نظام میں انٹرنٹ کس طرح مفید ہے ؟

**14.** درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 6

بڑا جہاں میں تجھ کو بنا دیا اس نے
مجھے درخت پر چڑھنا سکھا دیا اس نے
قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں
نری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں
جو تو بڑا ہے، تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو
یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دِکھا مجھ کو

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں ؟

(A) قدم بڑھاؤ دوستو (B) پہاڑ اور گلہری

(C) اے شریف انسانو! (D) نیکی اور بدی

(ii) اس بند کے شاعر کا نام ہے :

(A) ساحر لدھیانوی (B) بشر نواز

(C) اقبال (D) میر تقی میر

(iii) "بڑا جہاں میں تجھ کو بنا دیا اس نے" __________ یہ کون کس سے کہہ رہا ہے ؟

(A) گلہری پہاڑ سے (B) پہاڑ گلہری سے

(C) درخت گلہری سے (D) درخت پہاڑ سے

(iv) گلہری کو درخت پر چڑھنا کس نے سکھایا ؟

(A) انسان نے (B) خدا نے

(C) فرشتے نے (D) درخت نے

(v) قدم اٹھانے کی طاقت کس میں نہیں ہے ؟ شاعر کس کے لیے کہہ رہا ہے ؟

(A) گلہری میں (B) چھالیا میں

(C) پہاڑ میں (D) انسان میں

(vi) چھالیا کون نہیں توڑ سکتا ؟ شاعر نے کس کے لیے کہا ہے ؟

(A) گلہری (B) پہاڑ

(C) انسان (D) جانور

6

**15.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے ۔

(i) نظم ''اے شریف انسانو!'' کا مرکزی خیال اور اس کی خوبیاں اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

(ii) ''قدم بڑھاؤ دوستو'' کا خلاصہ لکھیے ۔

4

**16.** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے ۔

(i) کوئی صورت نظر نہیں آتی ________ سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(ii) شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کیوں کہا ہے ؟

(iii) مصرعے مکمل کیجیے :

بم گھروں پر ________ کہ سرحد پر (گریں / پڑیں)

روحِ تعمیر ________ کھاتی ہے (بل / زخم)